انقرہ یونیورسٹی کے شعبہ اُردو میں امجد اسلام امجد کے ساتھ ایک شام

24دسمبر منگل کوانقرہ یونیورسٹی کے شعبہ اردو اورپاکستان انٹرنیشنل اسکول کے تعاون سے اردو زبان کے عظیم شاعر، امجد اسلام امجد کے ساتھ ایک شام منائی گئی۔

تقریب کے افتتاحی کلمات ہیڈآف اردوڈیپارٹمنٹ پروفیسرڈاکٹرآسمان بیلن نے ادا کرتے ہوئے کہاکہ یہ شعبہ اردو کے لیے باعث مسرت ہے کہ وہ اردوزبان کے عالمی شہرت یافتہ ادیب امجد اسلام امجد کے ساتھ ایک شام منارہی ہیں ۔

اس موقع پر پاکستان اسکول کے پرنسپل غالب رضاگیلانی نے امجد اسلام امجد کی زندگی پر روشنی ڈالی

جبکہ انقرہ یونیورسٹی ہی میں اردو چئیر پر طویل عرصے خدمات انجام دینے والے پروفیسرڈاکٹر احمد بختیار اشرف نے امجد کی شاعری میں ادبی ذوق پر گفتگو کی۔

اس موقع پر امجد اسلام امجد نے سب سے پہلے حکومت ترکی، ترک عوام کا شکریہ ادا کرنے کے بعد شعبی اردو کی جانب سے ان کو مدعو کیے جانے پر شعبہ اردو کا شکریہ ادا کیا اور اپنی ادبی زندگی کے چند ایک پہلو اجاگر کرتے ہوئے اپنے اشعار حاضرین کی خدمت میں پیش کیے جس پر انہیں بے حد داد ملی۔

https://www.trt.net.tr/urdu/trkhy/2019/12/27/nqrh-ywnywrstty-khy-sh-bh-urdw-myn-mjd-slm-mjd-khy-sth-ykh-shm-1330892